ہفتہ وار رسالہ:398
WEEKLY BOOKLET:398

# 26 فرامینِ عطّار

(امیرِ اہلِ سنّت کے قلم سے)

(صفحات:26)



شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا ابو بلال
محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

## کتاب پڑھنے کی دعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے یہ دعا پڑھ لیجئے ان شاءاللہ الکریم جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔
(اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)

**اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام**

(مستطرف، 1/40)

## ہفتہ وار رسالہ مطالعہ

اَلحمدُ لِلّٰہ! امیرِ اہلِ سنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ / خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت الحاج ابو اُسید عُبید رضا مدنی مُدَّظِلُّہُ العالی کی جانب سے ہر ہفتے ایک رسالہ پڑھنے یا سننے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ماشاءَاللہ! لاکھوں اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں یہ رسالہ پڑھ یا سُن کر امیرِ اہلِ سنّت / خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت کی دُعاؤں سے حصہ پاتے ہیں۔ یہ رسالہ Audio میں دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www. Dawateislami.net یا Read and listen Islamic book اپلی کیشن سے فری ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ اِس رِسالے کو ثواب کی نیت سے خود بھی پڑھیں اور اپنے مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لئے تقسیم کریں۔ (شعبہ: ہفتہ وار رسالہ مطالعہ)


| | | |
|---|---|---|
| نام رسالہ | : | 26 فرامینِ عطّار (امیرِ اہلِ سنّت کے قلم سے) |
| مؤلف | : | شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ |
| پہلی بار | : | شعبان المعظم 1446ھ، فروری 2025ء |
| تعداد | : | 10000 (دس ہزار) |
| ناشر | : | مکتبۃ المدینہ، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، کراچی۔ |


## التجا


کسی اور کو یہ رسالہ چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔


کتاب کی طباعت میں نمایاں خرابی ہو یا صفحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہو گئے ہوں تو مکتبۃُ المدینہ سے رجوع کیجئے۔

## پہلے اِسے پڑھیں
## Read this first

**دُعائے خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت!** یااللہ پاک! جو کوئی 26 صفحات کا رسالہ ”26 فرامینِ عطار (امیرِ اہلِ سنّت کے قلم سے)“ پڑھ یا سُن لے اُسے امیرِ اہلِ سنّت کا منظورِ نظر اور پسندیدہ بنا اور اُسے خوب نیکی کی دعوت عام کرنے کی توفیق عطا فرما اور اُس سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے راضی ہو جا۔
اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلّم

## سب سے زیادہ حُوریں کس کیلئے؟ (دُرود شریف کی فضیلت)
## Who will receive the most Heavenly Maidens? (Virtue of sending Ṣalāt upon the Prophet)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جنّت میں سب سے زیادہ حُوریں اُس شخص کو مِلیں گی جو مجھ پر سب سے زیادہ درود پڑھنے والا ہو گا۔“ (اَفْضَلُ الصَّلَوات لِلنَّبہانی، ص25)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ بڑی عِلمی اور رُوحانی شخصیت ہیں۔ آپ کی وِلادت (Birth) 26 رمضانُ المبارک 1369 ہجری مطابق 8 جولائی 1950ء کو کراچی میں ہوئی، آپ کی ذات یادگارِ اَسلاف ہے (یعنی آپ کی باتوں اور کردار سے بُزُرگانِ دین رحمۃُ اللہِ علیہم کی خوشبو آتی ہے) اِسی وجہ سے آپ کے اِرشادات ہمارے لیے مَشعلِ راہ (یعنی زندگی گزارنے کے بہترین اصول) ہیں۔
المدینۃُ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر) کے شعبہ ”ہفتہ وار رسالہ مطالعہ“ کی جانب سے پچھلے سال (یعنی 2024 میں) **”امیرِ اہلِ سنّت کی 786 نصیحتیں“** نامی کتاب منظرِ عام پر آئی اور اب اِس سال (یعنی 2025 میں) امیرِ اہلِ سنّت کی وِلادت 26 رمضان شریف کے موقع

پر ایک اور رسالہ بنام "26 فرامینِ عطار (امیرِ اہلِ سنّت کے قلم سے)" پیش کیا گیا جو آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اَلحمدُ لِلّٰہ! اِس رسالے میں امیرِ اہلِ سنّت کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریر کے ساتھ ساتھ کمپوزنگ اور اسی فرمان کی انگلش ٹرانسلیشن بھی موجود ہے تاکہ انگریزی پڑھنے والے بھی اِستِفادہ (یعنی فائدہ حاصل) کرسکیں۔

اس رسالے کو نیکی کی دعوت عام کرنے کی اچھی اچھی نیت کے ساتھ عام کیجئے اور ڈھیروں ثواب کمایئے۔ اللہ کریم ہمیں امیرِ اہلِ سنّت کی دینی سوچ کے مطابق اِخلاص کے ساتھ دین کی خدمت کرنے، نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اس سال (یعنی 26 رمضان شریف 1446 ہجری) میں امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کی عمر ہجری سال کے مطابق 77 سال ہو جائے گی، اللہ پاک کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ کریم امیرِ اہلِ سنّت کو صحّت و عافیت کے ساتھ درازیِ عمر بِالْخَیر عطا فرمائے، آپ کے تمام روحانی جسمانی امراض پر رحمت کی نظر کرے اور اللہ کریم آپ کے سائے کو ہمارے سروں پر خیر و عافیت کے ساتھ سلامت رکھے۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلّم

طالبِ غمِ مدینہ وبقیع وبے حساب مغفرت

**ابو محمد طاہر عطاری** مَدَنی عُفِیَ عَنہٗ

شعبہ ہفتہ وار رسالہ مطالعہ

اس مکمل رسالے کی آڈیو سُننے کے لئے اس QR کوڈ کو اسکین کیجئے

# سب سے زیادہ محبّت

## The most Love

”الحمدللہ مجھے کائنات کی ہر شے سے بڑھ کر
”آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم“ سے پیار ہے -
ان شاءاللہ الکریم میرا بیڑا پار ہے۔“

”اَلحمدُ لِلّٰہ مجھے کائنات کی ہر شے سے بڑھ کر ”آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم“ سے پیار ہے۔ اِن شاءَ اللّٰہُ الکریم میرا بیڑا پار ہے۔“

“اَلْحَمْدُ لِلّٰه Out of all things in the universe, I love the final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم most. اِنْ شَآءَ اللّٰه I will succeed.”

# مُخلِص کون؟

## Who is Sincere?

"مُخلِص وہ ہے جو اپنی نیکیاں اِس طرح چُھپائے جس طرح اپنی بُرائیاں چُھپاتا ہے۔"

۲۰ رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ
14-5-20

"مُخلِص وہ ہے جو اپنی نیکیاں اِس طرح چُھپائے جس طرح اپنی بُرائیاں چُھپاتا ہے۔"

"The sincere person is the one who conceals his good deeds just as he hides his sins."

# جشنِ عید میلادُ النبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم مبارک ہو

## Rejoice on the Mawlid

جشنِ وِلادت کی خوشی میں اپنے مکان پر چراغاں کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے بدن ولباس کو سنّتوں سے اور کردار کو حُسنِ اَخلاق سے خوب روشن کیجئے۔

صلوا علی الحبیب ! صلی اللہ علیٰ محمد

محمد الیاس قادری
١٨ صفر المظفر ١٤٤٠ھ
28-10-18
-المرت-

جشنِ وِلادت کی خوشی میں اپنے مکان پر چراغاں کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے بدن ولباس کو سنّتوں سے اور کِردار کو حُسنِ اَخلاق سے خوب روشن کیجئے۔

“Alongside lighting up your home out of happiness for the Mawlid, thoroughly illuminate your body and clothes with the Prophetic *sunan*, and your conduct with good character.”

اللہ

## چہرے کی طرف دیکھے جانا

## Staring at someone's Face

صلوٰۃ و سلام یا دعا یا نعت شریف سننے والے کے
چہرے کی طرف دیکھے جانا اُس کیلئے پریشانی کا
باعث ہو سکتا ہے۔

9 ذیقعد ۱۴۴۰ھ
-المعت-

صلوٰۃ و سلام یا دعا یا نعت شریف سننے والے کے چہرے کی طرف دیکھے جانا اُس کے لیے پریشانی کا باعث ہو سکتا ہے۔

"Staring at the one who is listening to *ṣalāt* and *salām*, or a supplication or a Prophetic ode can become a cause of concern for him."

# دولت

## Wealth

"وہ دولت کس کام کی جو راہِ جنّت میں رُکاوٹ بنے"
یااللہ کریم! اُس مال و دولت سے بچا جو زادِ آخرت میں
کمی کا باعِث اور راہِ جنت میں رُکاوٹ بنے۔

اٰمین بجاہِ خاتم النّبیّٖن صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

"وہ دولت کس کام کی جو راہِ جنّت میں رُکاوٹ بنے"
یااللہ کریم! اُس مال و دولت سے بچا جو زادِ آخرت میں کمی کا باعِث
اور راہِ جنّت میں رُکاوٹ بنے۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلّم

"What use is that wealth which becomes an obstacle upon the path to Paradise!" O Allah Almighty, safeguard us from wealth that becomes a cause of our provisions for the Hereafter decreasing and an obstacle to Paradise. اٰمِیْن بِجَاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

الله

# بولنا اور تولنا

## Think before speaking

"پہلے تولو بعد میں بولو" کے مطابق عمل کرنے والا
دُنیا و آخرت کی بے شمار آفتوں سے بچ سکتا ہے۔

"پہلے تولو بعد میں بولو" کے مطابِق عمل کرنے والا دُنیا و آخرت کی بے شمار آفتوں سے بَچ سکتا ہے۔

"The one who 'thinks first and speaks after' can save himself from many calamities of this world and the Hereafter."

# بے اعتبار شخص

## Untrustworthy Person

"جھوٹا شخص" مُعاشرے میں
بے اِعتِبار ہو جاتا ہے۔

"جھوٹا شخص" مُعاشرے میں بے اِعتِبار ہو جاتا ہے۔

"A liar loses his trustworthiness in society."

اللّٰہ

# نعمت پر شُکر

## Gratefulness upon receiving a Blessing

اللہ پاک کی ہر نعمت کا شکر ادا کرنا چاہیے، عبادت کی توفیق
ملنا بھی عظیم نعمت ہے۔ الحمد للہ ہر نماز کے بعد یاد آنے پر
اللہ پاک کا شکر ادا کرنے کی مجھے سعادت ملتی ہے۔
شکرِ نعمت کی نیّت سے الحمد للہ کہنا بھی "ادائے شکر" ہے۔
(مدنی پھول لکھنے کی سعادت ملی اِس نعمت پر بھی بطورِ ادائے شکر کہتا ہوں: الحمد للہ)

اللہ پاک کی ہر نعمت کا شُکر ادا کرنا چاہیے، عبادت کی توفیق مِلنا بھی عظیم نعمت ہے، اَلحمدُ لِلّٰہ ہر نماز کے بعد یاد آنے پر اللہ پاک کا شکر ادا کرنے کی مجھے سعادت ملتی ہے۔

شکرِ نعمت کی نیّت سے اَلحمدُ لِلّٰہ کہنا بھی "ادائے شکر" ہے۔

(مدنی پھول لکھنے کی سعادت ملی اِس نعمت پر بھی بطورِ ادائے شکر کہتا ہوں: اَلحمدُ لِلّٰہ)

"We should be grateful for every bounty of Allah Almighty, and having the ability to worship is a great blessing. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ, After each prayer, when I remember, I have the honour of thanking Allah Almighty." (Saying "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" with the intention of showing gratitude for a blessing is also an expression of gratefulness.)

(I had the honour of writing a pearl of wisdom, so I express gratitude for this blessing by saying اَلْحَمْدُ لِلّٰہ)

اللہ

# اِحساس

## Sense of Responsibility

"احساسِ ذِمّے داری کا فُقدان (یعنی نہ ہونا یا کم ہونا) دین و دُنیا کے کاموں میں رُکاوٹ کا باعِث ہوتا ہے۔"

"احساسِ ذِمّے داری کا فُقدان (یعنی نہ ہونا یا کم ہونا)
دین و دُنیا کے کاموں میں رُکاوٹ کا باعِث ہوتا ہے۔"

"Not having a sense of responsibility (either completely or partially) is an obstacle in both religious and worldly works."

اللہ

# سفر کا لُطف

## The Pleasure of Travelling

ہوسکے تو نگاہیں نیچی رکھ کر سفر کا لطف اٹھائیں،
کاش! کسی عورت یا بے ہودہ سائن بورڈ پر
بے اختیار بھی نظر نہ پڑے۔

ہو سکے تو نگاہیں نیچی رکھ کر سفر کا لُطف اُٹھائیں، کاش! کسی عورت
یا بے ہُودہ سائن بورڈ پر بے اختیار بھی نظر نہ پڑے۔

“If possible, gain the pleasure of travelling with the gaze lowered. If only the gaze were not to fall upon a woman or an indecent billboard, even unintentionally.”

## عبادت پر قُوَّت

## Strength for Worship

کھانا صرف لذّت کیلئے نہ کھایا جائے بلکہ کھاتے وقت یہ نیّت کرلیجئے: "اللہ پاک کی عبادت پر قُوَّت حاصل کرنے کے لئے کھا رہا ہوں۔"


کھانا صرف لذّت کے لیے نہ کھایا جائے بلکہ کھاتے وقت یہ نِیّت کرلیجئے: "اللہ پاک کی عبادت پر قُوَّت حاصل کرنے کے لئے کھا رہا ہوں۔"

"Food should not be eaten merely for gratification, rather make this intention at the time of eating: I am eating to gain energy to worship Allah Almighty."

# انسان کی پہچان

## Recognition of People

”غُصّے میں انسان کے صَبر کا امتحان ہوتا ہے اور غصّے میں انسان کی پہچان ہو جاتی ہے۔“



”غُصّے میں انسان کے صَبُر کا امتحان ہو تا ہے اور غصّے میں انسان کی پہچان ہو جاتی ہے۔“

“It is in anger that a person’s patience is tested, and it is in anger that a person is recognised.”

# اچّھے بچّے

## Good Children

چھوٹے بچّوں کے ذِہن میں اچّھی طرح یہ بات بٹھادینی چاہیے کہ "اچّھے بچّے گھر کی بات باہَر نہیں کیا کرتے"!



چھوٹے بچّوں کے ذِہن میں اچّھی طرح یہ بات بٹھا دینی چاہئے کہ ”اچّھے بچّے گھر کی بات باہَر نہیں کیا کرتے۔“

“Inculcate it firmly into the minds of your children that good children do not mention household matters outside the home.”

## مَحبّت بڑھائیں

## Increase Love

"چھوٹے سے چھوٹا فرد بلکہ بچّہ بھی کوئی بات کرے تو اُسے
توجُّہ سے سننے کی عادت بنائیے، اُسے اہمیّت دیجئے۔"
اِن شاءَ اللہ الکریم لوگ آپ سے مَحبّت کریں گے۔


"چھوٹے سے چھوٹا فرد بلکہ بچّہ بھی کوئی بات کرے تو
اُسے توجُّہ سے سننے کی عادت بنائیے، اُسے اہمیّت دیجئے۔"
اِن شاءَ اللہُ الکریم لوگ آپ سے مَحبَّت کریں گے۔

"If a young person or even a child is talking, give them importance. اِنْ شَآءَ اللّٰہ People will show you love."

اللہ

# نرمی گرمی

## Benefits of Gentleness



”جو کام نرمی سے نکلتا ہے وہ گرمی سے نہیں نکلتا۔“

”جو کام نرمی سے نکلتا ہے وہ گرمی سے نہیں نکلتا۔“

"The result which is attained with gentleness cannot be attained with harshness."

## روزانہ جائزہ

## Daily Accountability

روزانہ FIXTIME پر دن بھر کے اپنے نیک و بد اعمال کا جائزہ لیکر مزید بہتری لانے کا ذہن بناتے ہوئے رسالہ: "نیک اعمال" کے خانے پُر کیجئے۔

روزانہ Fix Time پر دن بھر کے اپنے نیک و بد اعمال کا
جائزہ لے کر مزید بہتری لانے کا ذہن بناتے ہوئے رسالہ:
"نیک اعمال" کے خانے پُر کیجئے۔

"With the intention of bettering yourself, at a fixed time every day, analyse the good and bad deeds you did throughout the day and fill in the *Pious Deeds* booklet."

# نیکیوں کے خزانے

## Treasure of good Deeds

”جس کے پاس ایمان جتنا مضبوط ہو گا اُس کے پاس نیکیوں کے خزانے کی بھی اُتنی ہی کثرت ہو گی، لہٰذا وہاں شیطان بہت زیادہ زور لگائے گا۔“



”جس کے پاس ایمان جتنا مضبوط ہو گا اُس کے پاس نیکیوں کے خزانے کی بھی اُتنی ہی کثرت ہو گی، لہٰذا وہاں شیطان بہت زیادہ زور لگائے گا۔“

"The stronger one's faith, the more good deeds he will have amassed, so Satan will try his utmost to exert influence upon him."

اللہ

# شیڈول بنائیے

## Create a Schedule

جو یہ چاہتا ہے کہ اُس کا وقت ضائع نہ ہو اُس کو چاہیئے کہ
روزمرّہ کے اپنے دینی و دُنیوی کاموں کا شیڈول بنالے۔

جو یہ چاہتا ہے کہ اُس کا وقت ضائع نہ ہو اُس کو چاہیے کہ
روز مرّہ کے اپنے دینی و دُنیوی کاموں کا شیڈول بنالے۔

"The one who desires to not waste any time should make a daily schedule for his religious and worldly activities."

# نفسیات سمجھئے

## Understand people's Temperament

" کسی کو سمجھانے کیلئے اُس کے منصب اور
اُس کی نفسیات کو بھی پیشِ نظر رکھنا چاہئے۔"



"کسی کو سمجھانے کیلئے اُس کے مَنصب اور اُس کی
نفسیات کو بھی پیشِ نظر رکھنا چاہئے۔"

"When advising someone, keep in mind their status and temperament."

# امیرِ اہلِ سنّت کی مسجدِ بَیت

## The Ameer of Ahl al-Sunnah's Masjid al-Bayt

الحمدللہ جمعۃُ الوداع (۲۴ رمضان المبارک ۱۴۴۲ھ) کو
میں نے بیتُ البقیع کے اپنے کمرے کے ایک حصّے کو
"مسجدِ بیت" بنایا اور اُس کا نام "فیضانِ رَمَضان"
رکھا۔ اللہ پاک قبول فرمائے اور ادب کی توفیق بخشے۔
اٰمین

7-5-21

اَلحمدُ لِلّٰہ جُمعۃُ الوداع (24 رمضان المبارک 1442ھ) کو میں نے
بیتُ البقیع کے اپنے کمرے کے ایک حصّے کو "مسجدِ بَیت" بنایا
اور اُس کا نام "فیضانِ رَمَضان" رکھا۔
اللہ پاک قبول فرمائے اور ادب کی توفیق بخشے۔ اٰمین

"اَلْحَمْدُ لِلّٰه On the farewell Friday (24 Ramadan 1442 AH), I made a part of my room in Bayt al-Baqīʿ into a masjid al-bayt, and named it 'Faizan-e-Ramadan'. May Allah Almighty accept it and allow me to honour it." اٰمِیْن

اللہ

## وَعدہ خِلافی

## Breaking Promises

"وَعدہ خِلافی نیک بندوں کا طریقہ نہیں۔"

" وَعدہ خِلافی نیک بندوں کا طریقہ نہیں۔"

"Breaking promises is not the way of the pious."

اللہ

# غیبت

## Backbiting

"غیبت کرنا اور جان بوجھ کر سننا
دونوں گناہ کے کام ہیں۔"




"غیبت کرنا اور جان بُوجھ کر سُننا دونوں گناہ کے کام ہیں۔"

"Backbiting and intentionally listening to backbiting are both sinful acts."

# سلام

## Salām



”سلام محبّت کے دروازے
کی چابی (یعنی KEY) ہے۔“

”سلام مَحبَّت کے دروازے کی چابی (یعنی KEY) ہے۔“

“*Salām* is the key to the door of love.”

# نقصان نہ پہنچایئے!

## Do not cause Harm

”اگر (مسلمانوں کو) نفع نہیں پہنچا سکتے تو
نُقصان بھی مت پہنچاؤ۔“

”اگر (مسلمانوں کو) نفع نہیں پہنچا سکتے تو
نُقصان بھی مت پہنچاؤ۔“

“If you cannot benefit (a Muslim) then at least do not cause harm.”

اللہ

# غمِ مدینہ
## Yearning for Madīna

زبان کا قفلِ مدینہ جب تک لگا رہتا ہے،
غمِ مدینہ کی لذّت ملتی رہتی ہے،
بولتے چلے جانے سے وہ کیفیت باقی رہنا مشکل ہے۔

- الموت -

زبان کا قُفلِ مدینہ جب تک لگا رہتا ہے، غمِ مدینہ کی لذّت مِلتی رہتی ہے، بولتے چلے جانے سے وہ کیفیت باقی رہنا مُشکل ہے۔

"For as long as one controls their tongue, they continue to delight in yearning for al-Madinah al-Munawwarah; it is difficult to maintain this state whilst continuously speaking."

اللہ

# عید کس کی؟

## Who is Eid for?

"عید اُس کی نہیں جس نے نئے کپڑے پہن لئے
عید تو اُس کی ہے جو عذابِ الٰہی سے ڈر گیا۔"

"عید اُس کی نہیں جس نے نئے کپڑے پہن لئے
عید تو اُس کی ہے جو عذابِ الٰہی سے ڈر گیا۔"

"Eid is not for the one who wears new clothes, Eid is for the one who became fearful of divine punishment."

## اگلے ہفتے کا رسالہ




978-969-722-789-1

01082556

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی

UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278

www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net

feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net